BRAMPTON Flower City brampton.ca

media release

1 فروری 2018

# رِوّر اسٹون کا مستقبل دریافت کریں

برامپٹن، آن – سٹی آف برامپٹن رِوّر اسٹون کلب ہاؤس میں مستقبل میں کمیونٹی سنٹر اور یہ کہ اس سے ہماری کمیونٹی کو کیسے فائدہ پہنچے گا، کے بارے میں بات چیت کرنے کے لیے ایک عوامی میٹنگ کی میزبانی کرے گا۔ عوام کو عمارت میں تشریف لانے، پراجیکٹ کے متعلق شہر کے عملے سے بات کرنے اور برامپٹن کے نئے ترین تفریحی سنٹر اور تحفظ کے علاقے کے متعلق منصوبوں کے متعلق مزید جاننے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔

عوامی میٹنگ بروز جمعرات مورخہ 15 فروری کو دن 1- 3 بجے تک اور شام 6- 8 بجے تک منعقد کی جائے گی۔ یہ دونوں نشستیں رِوّر اسٹون کلب، 150 ڈان مینیکر ڈرائیور (نزد میک وین ڈرائیور اور کوئین اسٹریٹ ایسٹ) پر منعقد کی جائیں گی۔

یہ تجدید کردہ کمیونٹی سنٹر فٹنس رومز، کثیر المقاصد کمروں اور ایک تھیراپُوٹک پول کے ساتھ پانی کی ایک تجدید شدہ آبی سہولت گاہ کی پیشکش کرے گا۔ تمام عمر کے رہائشیوں کو سنٹر ہٰذا میں تشریف لا کر لطف اندوز ہونے کی دعوت دی جاتی ہے، جبکہ اس دوران سینیئرز کے پروگراموں پر توجہ دینے سے برامپٹن کی مشرقی جانب کی بڑی عمر کی بالغ آبادی کو معاونت ملے گی۔ ویلی لینڈز، جو کہ سابقہ طور پر گالف کورس تھا، کو تحفظ کا ایک علاقہ بنانے کے لیے فطری تقاضوں کے مطابق ڈھالا جائے گا۔ یہ مقامی جنگلی حیات کے لیے رہنے کی ایک اہم جگہ کو تحفظ دے گا اور چلنے کے راستوں کا ایک مربوط نظارہ پیش کرے گا، تاکہ ایک فعال طرز زندگی کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔

رِوّر اسٹون کلب ہاؤس اور اس سے ملحقہ علاقوں کی خریداری پارکس اور ریکریئیشن پلان کی تیاری کے دوران برامپٹن کے رہائشیوں، کمیونٹی گروپس اور کاروباروں کے ساتھ بڑے پیمانے پر مشاورت کی بنیاد پر کی گئی تھی۔ نئی سہولت گاہ بنانے کی بجائے ایک موجودہ سہولت گاہ کی تجدید سے شہر لاکھوں ڈالر کی رقم اور تعمیری کاموں پر لگنے والے کئی سال کا وقت بچائے گا۔

اس نئے کمیونٹی سنٹر اور تحفظ کے علاقے کا اضافہ تفریحی خدمات تک رسائی بہتر بنائے گا اور مقامی رہائشیوں کو ایک صحت مند اور چست طرز زندگی برقرار رکھنے میں معاونت فراہم کرے گا۔

یہ نیا تفریحی سنٹر بہار 2019 میں عوام کے لیے کھلنا متوقع ہے۔ مزید معلومات اور پراجیکٹ کے متعلق تازہ ترین خبروں کے لیے www.brampton.ca/riverstone ملاحظہ کریں۔

-30-

**برامپٹن بڑا سوچ رہا ہے۔** ہم تیز توجہ کے ساتھ مستقبل کے لیے تیار ایک تنظیم ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ہماری کمیونٹی کی بڑھوتری، نوجوانی اور تنوع ہمیں سب سے علیحدہ کرتی ہیں۔ ہم کینیڈا کے انوویشن سپر کوریڈور کے مرکز میں موجود ہیں، جو سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ہماری عالمی کامیابی کو بڑھاتا ہے۔ ہم متنوع اربن سینٹرز تعمیر کر رہے ہیں، جو یہاں رہنے اور کام کرنے والے لوگوں کے لیے مواقع اور ان میں فخر کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ ہم برامپٹن کو ایک ایسے مربوط شہر بنانے کی جانب آگے بڑھا رہے ہیں، جو جدت پسند، جڑا ہوا اور نڈر ہو۔ ہمیں ٹوئٹر اور فیس بکپر فالو کریں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
برائین اسٹٹل
سینیئر میڈیا کوآرڈینیٹر
سٹی آف برامپٹن
brian.stittle@brampton.ca | 905.874.2143